فوری ریلیز کے لیے: 26/9/2022 ***گورنر KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL کا بیروزگاری کے بیمہ فراڈ کے خلاف کریک ڈاؤن کا اعلان

ریاست نیو یارک کے محکمۂ محنت نے اگست میں دھوکہ دہی پر مبنی بیروزگاری بیمہ کی ادائیگیوں میں 11$ ملین سے زیادہ کی نشاندہی کی ہے؛ اس سال چوری شدہ فوائد میں 110$ ملین سے زیادہ کی تلاش کے راستے پر

محکمۂ محنت (Department of Labor, DOL) دوبارہ ادائیگی کا متلاشی اور عدم ادائیگی کو حسبِ ضرورت قانون نافذ کرنے والے اداروں کو بھجوائے گا

دھوکہ دہی کا سراغ لگانے کی نئی ٹیکنالوجی DOL کی جدت کاری کی چار سالہ کوشش کا جزو ہے

ریاست نیو یارک کے محکمۂ محنت کی تحقیقات میں اگست کے مہینے میں فوائد کی ادائیگیوں میں 11$ ملین سے زیادہ کے بیمہ فراڈ پتہ چلنے کے بعد گورنر Kathy Hochul نے آج بیروزگاری کے بیمہ میں دھوکہ دہی کے خلاف کارروائیوں کا اعلان کیا ہے۔ یہ فوائد تقریباً خصوصی طور پر برسرِ روزگار افراد کو ادا کیے گئے تھے جبکہ وہ عالمی وباء کے دوران بیروزگاری بیمہ کی ادائیگیاں بھی لیتے تھے۔ محکمۂ محنت کی تحقیقات کے بعد، گورنر Hochul نے اعلان کیا کہ ریاست دھوکہ دہی پر مبنی فوائد کی ادائیگیوں کی واپسی طلب کرے گی اور عدم ادائیگی کا معاملہ قانون نافذ کرنے والے ریاستی اداروں کو بھیجے گی۔ ان تحقیقات کی بنیاد پر، محکمۂ محنت کا دفتر برائے خصوصی تفتیش اس سال دھوکہ دہی سے حاصل کردہ فوائد کی مد میں 110$ ملین کا انکشاف کرنے والا ہے۔

گورنر Hochul نے کہا، "عالمی وباء کے عروج پر، جب ہماری ریاست کو بیروزگاری کے ایک بے مثال بحران کا سامنا تھا، بیروزگاری کے ان فریبی دعووں نے نیو یارک کے مکینوں سے وہ وسائل چھین لیے جنہیں ان کی سب سے زیادہ ضرورت تھی۔ میری انتظامیہ بیروزگاری بیمہ کے فراڈ کی ہماری تحقیقات کو تیز کرنے، نظام سے فائدہ اٹھانے والوں کو جوابدہ بنانے اور نیو یارک کے ضرورت مند افراد کے لیے اس اہم فائدے کی حفاظت کے لیے کارروائی کر رہی ہے"۔

دھوکہ بازی والی ادائیگیوں کی شناخت DOL نے ایک اپ گریڈ شدہ فراڈ کا پتہ لگانے کے نظام کے ذریعے کی تھی۔ یہ نظام تفتیش کاروں کو زیادہ مؤثر طریقے سے مقدمات کا جائزہ لینے اور ملازمت کی تاریخوں کی تصدیق کرنے کے لیے آجروں کو ریکارڈ کی درخواستوں کو ہموار کرنے کے قابل بناتا ہے۔ اگر نظام کو دھوکہ دہی والی ادائیگی کا پتہ چلتا ہے، تو دعویدار کے پاس تفاوت کی وضاحت کرنے کا موقع ہوتا ہے۔

جائزے کے بعد، اگر دعویدار کا فوائد وصول کرنے کے دوران کام کرنا پایا جاتا ہے، تو DOL اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کرے گا کہ ناجائز طور پر حاصل کی گئی رقومات کو واپس وصول کیا جائے۔ اس میں رقوم کی واپس ادائیگی کے منصوبوں کا قیام، ریاست اور وفاقی ٹیکس گوشواروں کو ہم آہنگ کرنا اور عدم ادائیگی کے معاملات حسبِ ضرورت قانون نافذ کرنے والے ریاستی اور/یا وفاقی اداروں کو بھجوانا شامل ہے۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ محنت کی کمشنر Roberta Reardon نے کہا، "جب کوئی دھوکے سے بیروزگاری بیمے کا دعویٰ دائر کرتا ہے، تو وہ نیو یارک کے مکینوں کی چوری کر رہا ہوتا ہے۔ محکمہ چوکس ہے اور اس بات

کو یقینی بنائے گا کہ ان مجرموں کا احتساب کیا جائے۔ ہم کاروبار اور آجروں کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے دھوکہ دہی کا پردہ فاش کرنے کے لیے ہمارے ساتھ کام کیا"۔

یہ نیا نظام ریاست نیو یارک کے محکمۂ محنت (New York State Department of Labor, NYSDOL) کی جدت کاری کی کوششوں کا جزو ہے جس میں گاہک کے تجربے کو بڑھانے اور دھوکہ دہی کو کم کرنے کے لیے 4 سالہ منصوبہ شامل ہے۔ جون میں، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ NYSDOL نے اس منصوبے کا آدھا راستہ طے کر لیا ہے۔

NYSDOL اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہے کہ دھوکہ دہی والے بیروزگاری بیمہ (Unemployment Insurance, UI) دعووں کو روکا جائے اور درست کیا جائے۔ UI فراڈ کی اطلاع دینے اور مزید جاننے کے لیے NYSDOL ویب سائٹ پر فراڈ کی اطلاع دیں کا صفحہ دیکھیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418